شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

مستند متن

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰(۱۱۔۹۱) ایکسٹنشن: ۸۸۲۲
فیکس: ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۱۱۔۹۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

26جنوری2009

یوم جمہوریہ پر ہندوستان کو صدر اوباما کا پیغام

"ہم جمہوریت ۔۔۔اور مذہبی رواداری میں اپنے مشترکہ یقین کا جشن منا رہے ہیں"

وحائٹ ہاؤس

دفتر پریس سکریٹری

25جنوری2009

صدر کا بیان

ہندوستان کے یوم جمہوریہ کے موقع پر پیغام

ہندوستانی عوام، اور امریکہ اور دنیا بھر میں مقیم ہندوستانی 26 جنوری کو یوم جمہوریہ کی تقریبات منا رہے ہیں۔ اس موقع پر میں ہندوستانی عوام کو امریکی عوام کی جانب سے گرم جوش مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ہم جمہوریت، آزادی، تکثیریت اور مذہبی رواداری میں اپنے مشترکہ یقین کا باہم جشن منا رہے ہیں۔

دونوں ممالک نے انسانی جدوجہد کے ہر شعبہ میں وسیع اور متحرک شراکت داریاں قائم کی ہیں۔ ہندوستان کے ساتھ سرعت رفتار سے بڑھتی اور گہری ہوتی ہوئی ہماری دوستی دنیا کے تمام شہریوں کے لئے فائدہ مند ہے کیونکہ ہمارے سائنسداں ماحولیاتی چیلنجوں کا باہم مقابلہ کریں گے، ہمارے ڈاکٹر نئی دوائیں دریافت کریں گے، ہمارے انجینئر ہمارے معاشروں کو ترقی دیں گے، ہمارے صنعت کار خوشحالی پیدا کریں گے، ہمارے ماہرین تعلیم ہماری آئندہ نسلوں کے مستقبل کی بنیاد رکھیں گے اور ہماری حکومتیں پوری دنیا میں امن، خوشحالی اور استحکام کو فروغ دینے کے لئے مشترکہ طور پر کام کریں گی۔

یہ ہماری مشترکہ اقدار ہیں جو دونوں ممالک کے عوام اور حکومتوں کے مستحکم تعلقات کی مضبوط بنیاد ہیں۔ یہ اقدار اور مثالی نمونے ہمیں تقویت فراہم کرتے ہیں اور کسی بھی چیلنج کا مقابلہ کرنے خاص طور پر ان لوگوں کا مقابلہ کرنے جو آزاد اور کھلے معاشروں کی اہمیت کم کرنے کے لئے تشدد کا استعمال کرتے ہیں' کے قابل بناتے ہیں۔ ہندوستانی عوام ملک بھر میں جشن یوم جمہوریہ مناتے وقت یاد رکھیں کہ امریکی عوام سے بہتر ان کا کوئی دوست اور شراکت دار نہیں ہے۔ دوستی کے اسی جذبہ کے تحت میں وزیر اعظم منموہن سنگھ کی جلد صحت یابی کا متمنی ہوں۔

☆☆☆